کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی صورت میں غسل کرنے کا حکم

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1478

تاریخ اجراء: 12 شعبان المعظم 1445ھ / 23 فروری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی صورت میں اگر بدن پر چھینٹے لگ جائیں تو کیا غسل کرنا ضروری ہو گا؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی وجہ سے غسل فرض نہیں ہوتا البتہ بلا عذر شرعی ایسا کرنا خلافِ سنت اور مکروہ و ممنوع ضرور ہے کہ کھڑے ہو کر پیشاب کرنے میں بدن اور کپڑوں پر چھینٹیں پڑنا یونہی جسم ولباس کو بلا ضرورت شرعیہ ناپاک کرنا (جو کہ حرام ہے) اور ان چھینٹوں کے باعث عذاب قبر کا مستحق ہونا وغیرہ کئی خرابیاں لازم آتی ہیں، لہٰذا بلا عذر کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے بچا جائے۔

بہار شریعت میں ہے: ”کھڑے ہو کر یا لیٹ کر پیشاب کرنا مکروہ ہے۔“ (ملخصا) (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 409، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

سیدی اعلیٰ حضرت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: **”کھڑے ہو کر پیشاب کرنے میں چار حرج ہیں: اوّل: بدن اور کپڑوں پر چھینٹیں پڑنا، جسم ولباس بلا ضرورتِ شرعیہ ناپاک کرنا اور یہ حرام ہے۔۔۔ دوم:** ان چھینٹوں کے باعث عذابِ قبر کا استحقاق اپنے سر پر لینا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: تنزھوا من البول فان عامۃ عذاب القبر منہ (پیشاب سے بہت بچو کہ اکثر عذابِ قبر اُسی سے ہے)۔۔۔ **سوم:** رہگزر پر ہو یا جہاں لوگ موجود ہوں، تو باعثِ بے پردگی ہو گا، بیٹھنے میں رانوں اور زانوؤں کی آڑ ہو جاتی ہے اور کھڑے ہونے میں بالکل بے ستری اور یہ باعثِ لعنتِ الٰہی ہے۔ حدیث میں ہے: لَعَنَ اللّٰہُ الناظرَ والمنظورَ الیہ (اللہ کی لعنت دیکھنے اور دکھانے والے پر)۔۔۔ **چہارُم:** یہ نصاریٰ سے تشبّہ اور ان کی سنّتِ مذمومہ میں اُن کا اتباع ہے، آج کل جن کو یہاں یہ شوق جاگا ہے، اس کی یہی علّت اور یہ موجبِ عذاب و عقوبت ہے۔۔۔ اس حرکت سے نہی اور اس کے بے ادبی وجفاو

خلافِ سنّتِ مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہونے میں احادیثِ صحیحہ معتمدہ وارد ہیں۔"(ملخصاً)(فتاوٰی رضویہ، جلد4، صفحہ 585۔587، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net